26/03/2026

07:40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لےکر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

**ہیڈ لائینز**

*MLA پلوامہ کی جانب ........ جموں وکشمیرمیں انتظامی اکائیوں کی از سر نو تنظیم کےلئے سے پیش کئے گئے بل پر بحث کرنے کو لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی منظوری۔

*........ جموں میں ”جمونمیرا تھن ایکسپو“ کا انعقاد // وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے کیا افتتاح۔

*........جموں کشمیر میں رسوئی گیس اور اشیائے ضروریہ کا وافر سٹاک موجود// لوگوں کو افواہوں پر کان نہ دھرنے کی تاکید۔

اور

*........ ملک کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر میں بھی منایاجارہا ہے رام نومی کا تہوار// مندروں میں خصوصی پوجا پاٹھ کا اہتمام۔

**منظوریLG**

پلوامہ وحید الرحمان پرہ کی جانب سے پیش کئے گئے ایک MLAلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پرائیویٹ ممبر بل کو اسمبلی میں پیش کرنے اور اس پر غور کرنے کی سفارش کی ہے۔ اس بل میں یوٹی میں ایڈمنسٹریٹیو ڈویژنز، اضلاع، سب ڈویژنز اور تحصیلوں کی از سرنو تنظیم کے لئے قانونی فریم ورک بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔

اس بل کا مقصد وسیع جغرافیائی علاقوں اور دشوار گذار خطوں میں لوگوں کو درپیش انتظامی مسائل حل کرنا اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام کےلئے ایک شفاف قانونی طریقہ کار فراہم کرنا ہے۔ بل میں کشمیر صوبے میں 8اور جموں صوبے میں8نئے اضلاع قائم کرنے کی تجویز رکھی گئی ہے۔

یہ تجویز اسمبلی کے موجودہ بجٹ اجلاس کے دوران اسمبلی سیکریٹریٹ کو پیش کی گئی۔ بجٹ اجلاس5ہفتوں کے وقفے کے بعد کل یعنی 27مارچ کو جموں میں دوبارہ شروع ہو گا۔

**ایل جی ملاقات**

**Pardeep**جمونو کشمیر ہائی کورٹ بار ایسو سی ایشن کے جنرل سیکریٹری ایڈوکیٹ کی سربراہی میں ایسو سی ایشن کے وفد نے آج جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا **Majotra** کے ساتھ ملاقات کی۔

راکیش کمار، کانگریس کے ڈسڑکٹ رورل پریذیڈنٹ **Powerlifter** اس دوران قومی سطح کے کے ساتھ ملاقات کی۔**LG**نیرج کندن نے بھی

**میوزیم**

میوزیم قائم **Goddess**شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کٹرہ میں اپنی نوعیت کا پہلا انٹرنیشنل کر رہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اس بات کی جانکاری دیتے ہوئے لوگوں سے میوزیم کے قیام کےلئے لوگوں سے تجاویز طلب کی ہیں۔

**پرارتھنا**LG

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر نے آج جموں میں باوے والی ماتا مندر پر حاضری دے کر جمونو کشمیر کی خوشحالی اور ترقی کےلئے خصوصی پرار تھنا کی۔

**میرا تھن**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں جموں میراتھن ایکسپو کا افتتاح کیا۔جموں میراتھن کا مقصد یو ٹی میں تعمیری سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شراکت اور سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے ۔ جموں میرا تھن میں تین ہزار558مقامی جبکہ 90بین الاقوامی اتھلیٹ شرکت کر رہے ہیں۔

روڈ جموں سے بائیک ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔**Apsara** بعد میں وزیر اعلیٰ نے

عمر اشیائ

بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ یو ٹی میں پیٹرولم مصنوعات، رسوئی گیس یا اشیاءضروریہ کی کوئی کمی نہیں ہے۔

............ Byte........

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کہا ہے کہ ضلعے میں اشیائے ضروریہ کا وافر سٹاک موجود ہے۔ میڈیا نمائندوں سے بات کر تے ہوئے انہوننے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ضروری چیزوں کی دستیابی سے متعلق پھیلائی جا رہی غلط خبروں پر کان نہ دھریں۔

-----Akshay Labro-----

پیٹرول

دریں اثناءوادی میں کام کر رہے پیٹرول پمپ مالکان نے صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ سے اپیل کی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ پر اوئل ٹینکروں کی بلا خلل آواجائی کو یقینی بنایا جا نا چاہئے ۔

شعبہ خبر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کئی پیٹرول پمپ مالکان نے کہا کہ ان ٹینکروں کو چیک پوائنٹس پر ضروری لوازمات پورا کرنے کے عمل کو پورا کرتے ہوئے سفر کرنے کی اجازت دی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے وادی میں ایندھن کی احسن طریقے پر سپلائی کو یقینی بنایا جا سکے گا

پیٹرولیم وزارت

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہاہے کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات اور رسوئی گیس کا خاطر خواہ سٹاک موجود ہے۔وزارت نے لوگوں سے تاکید کی ہے کہ وہ اس بارے میں شر نہ کریں۔وزارت نے مزید کہا ہے کہ ملک Panic Buying پسند عناصر کے بہکاوے میننہ آئیں اور میں رسوئی گیس کی پیداوار میں چالیس فیصد اضافہ کیا گیا ہے اور تیل کمپنیاں روزانہ کی بنیادوں پر 50لاکھ سے زیادہ گیس سیلنڈر سپلائی کر رہی ہیں۔

CIK

کونٹر انٹیلی جنس کشمیر نے دہشت پسندی سے متعلق ایک معاملے کے تحت آج سرینگر، گاندربل اور شوپیان میں کئی مقامات پر چھاپے مارے ۔ یہ کارروائی ضلع گاندربل کے کنگن

علاقے سے تعلق رکھنے والے شبیر احمد لون نامی دہشت پسند کی سرگرمیوں سے متعلق عمل میں لائی گئی۔

تفصیلات کے مطابق مذکورہ دہشت پسند اس وقت  بنگلہ دیش سے اپنی سرگرمیاں انجام دیا رہا ہے۔

پاٹھک

جموں و کشمیر نے آرونی اننت ناگ کے نائب تحصیلدار مشتاق احمد  ACB اینٹی کورپشن بیورو نے عام لوگوں  ACB بٹ کو 20 ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ہے۔ کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔

الیکشن کمیشن

کا Revision سٹیٹ الیکشن کمیشن نے جمونو کشمیر میں پنچایت الیکٹورل رول کےلئے سالانہ اعلان کیا ہے جس کےلئے یکم اپریل2026کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے  DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

-----Gong-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

رام نومی

آج پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی بھگوان شری رام کا جنم دن یعنی رام نومی مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں آج مندروں میں خصوصی پوجا پاٹھ کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

اننت ناگ آشرم

آشرم من بھی آج رام نومی کے Nagdandi اننت ناگ ضلعے کے اچھہ بل میں واقع تاریخی سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی ، جس میں کشمیری پنڈتوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کر کے خصوصی پوجا میں حصہ لیا۔

ضلعے کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آشرم کا دورہ کر کے وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوننے شردھالوؤں کو رام نومی کی مبارکباد دی ۔

مبارکباد

صدر جمہوریہ دروپدی مر مو ، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی ، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رام نومی کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے لوگوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، سبھی کا بینی وزراءکے علاوہ وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی لوگوں کو رام نومی کی مبارک باد دی ہے۔

جن دیگر شخصیات نے لوگوں کو رام نومی کی مبارک باد دی ہے ان میں نیشنل کانفرنس کے جموں JDUصدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، پی ڈیی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی ، کشمیر وی کے بردی ، صوبائی کمشنر IGPنلین پربھات، DGPوکشمیر کے صدر جی ایم شاہین، کشمیر انشل گرگ اور اینٹی کورپشن بیورو جموں وکشمیر کے ڈائریکٹر شکتی پاٹھک شامل ہیں۔

پیکیج

رام نومی کے موقعے پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

پدم شری ایوارڈ یافتہ ڈوگری زبان کے معروف ادیب اور مصنف پروفیسر للت کمار منگوترا نےمبارکبادی کے اپنے پیغام میں کہا۔

-----Prof:Mangotra

مبارکبادی کے کچھ اورپیغامات ۔

------Bytes------

زبیر سلیم

طبی ماہرین بزرگوں کو کھانے پینے کی مفید عادتیں اپنانے اور مناسب مقدار میں پانی پینے کی صلاح دیتے ہیں۔ اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

........Dr. Zubair...........

ٹولپ گارڈن

زبر ون پہاڑی سلسلے کے دامن میں واقع ایشیاءکا سب سے بڑا ٹولپ گارڈن ان دنوں مقامی، ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کی دلچسپی کا مرکز بنا ہوا ہے اور اب تک ہزاروں سیاحوں نے اس باغ کی سیر کی اور اس کی منفرد خوبصورتی سے لطف اندوز ہوئے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کچھ سَیاحوں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

-----Byte-----

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ایران اور امریکہ و اسرائیل کے درمیان جا ری کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے اس صورتحال کو پوری دنیا کے امن کےلئے خطرہ قرار دیتے ہوئے کشیدگی کو فوری طور ختم کرنے کےلئے سفارتی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

این سی

نیشنل کانفرنس خواتین وِنگ کی صدر شمیم فردوس نے آج حلقہ انتخاب حبہ کدل کے کئی علاقوں کا دورہ کر کے ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوننے لوگوں کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

اس دوران پارٹی کے نائب صدر صوبہ کشمیر احسن پردیسی نے شو پورہ سرینگر میں50ہزار گیلن کی گنجائش والے Overhead واٹر ٹینک کا افتتاح کیا۔ اس پروجیکٹ پر20کروڑ20لاکھ روپے کی لاگت آئی ہے۔

PDP

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے سینئر غلام نبی لون کو پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اور ست پال سنگھ چاڈک کو جنرل سیکریٹری اور پارٹی کے جموں دفتر کے انچارج کے بطور نامزد کیا ہے۔

ست شرما

جموں کشمیر کے صدر اور پارلیمنٹ ممبر ست شرما کی صدارت میں آج جموں میں پارٹی کی BJP کئی میٹنگوں کا انعقاد ہوا ، جن میں تنظیمی سرگرمیوں کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ان میٹنگوں میں پارٹی کے کئی سینئر لیڈروں نے شرکت کی۔

اشوک کول

اس دوران پارٹی کے اہتمام سے سرینگر کے حلقے انتخاب حبہ کدل کے منور آباد علاقے میں پنڈت دین دھیال اُپادھیائے پریشکشن مہا ابھیان کے تحت ایک تربیتی کیمپ منعقد ہوا ۔اس موقعے کے کار کن BJP پر اپنے خطاب میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول نے کہاکہ سماج کے ہر طبقے کی بہبودی کیلئے کام کر رہے ہیں۔ کیمپ میں پارٹی کے دیگر کئی سینئر لیڈروں نے بھی شرکت کی۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار پر ترقیاتی محاذ پر نا کام ہونے کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ سرکار نے ترقی کو محض ایک سیاسی نعرہ بنایا ہے۔

کشمیر پولیس

منشیات کے خلاف اپنی کارروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے پلوامہ میں طارق احمد وانی نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

اُدھر پولیس نے E&IMCO سے متعلق ایک معاملے میں خورشید ڈار نام ملزم کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔

پولیس نے گاندربل اور پلوامہ میں غیر قانونی کان کنی میں استعمال کی جانے والی5گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

جموں پولیس

پولیس کے اہتمام سے آج دومانا جموں میں والی بال ٹورنامنٹ کا آغاز ہوا جس کا افتتاح SP رورل جموں برجیش شرما نے کیا ۔ اس ٹورنامنٹ میں جموں کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی8ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

اس دوران دومانا میں ہی پولیس کے اہتمام سے منعقد ہوا والی بال ٹورنامنٹ آج اختتام پذیر ہوا۔

ادبی تقریب

شمالی ضلع بارہمولہ کے گلمرگ علاقے میں واقع با با پیام الدین ریشی ؒ کی زیارت گاہ پر آج بزم شیرین کاوسہ خالصہ نامی انجمن کے اہتمام سے ایک ادبی کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت معروف ادیب اور جمونو کشمیر وقف بورڈ کے ممبرڈاکٹر غلام نبی حلیم نے کی۔

اس موقعے پر کئی شعراءنے اپنا کلام سنا کر حاضرین کو محظوظ کیا۔

تپ دق

تپ دن بیماری سے متعلق عالم دن کے سلسلے میں شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے شعبہ میڈیسن نے ہیلتھ اینڈ ویلنس سینئر سنگین دروازہ سرینگر میں سکریننگ اور بیدار کے ایک کیمپ کا انعقاد کیا۔

جس میں ادارے کے کمیونٹی میڈسن شعبے اور زڈی بل کے زونل میڈیکل آفیسر نے اپنا اشتراک دیا تھا۔ اس موقعے پر ہیلتھ کئیر عملے کےلئے بھی اک تربت سیشن منعقد کیا گیا۔ کیمپ میں کُل70افراد نے شرکت کر کے دستیاب سہولیات سے استفادہ کیا۔

**قومی شاہراہ**

**جمونسرینگر قومی شاہراہ کے رام بن علاقے میں کرول برج اور چندر کوٹ میں بھاری پسیاں گر آنے کے نتیجے میں یہ شاہراہ گاڑیوں کی آمد و رفت کےلئے بند ہے۔ ہمارے نمائندے نے حکام کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ شاہراہ کو بحال کرنے کا کام جا ری ہے اور مکمل بحالی تک کسی بھی گاڑی کو شاہراہ پر چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔**

**لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ شاہراہ کا حال جاننے کےلئے ٹریفک کنٹرول یونٹس سے رابطہ کرے۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت21 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 25 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر47منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ۔**